آداب
یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر میں سید مبشر رُفاعی۔۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

15/01/2026 07.40 PM

ہیڈ لائینز

*....... وزیر اعظم نریندر مودی کا نئی دلی میں دولت مشترکہ ملکوں کے اسپیکروں اور پریذائڈنگ افسروں کی 28ویں کانفرنس سے خطاب۔

*....... لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی 29ویں نیشنل یوتھ فیسٹول میں جموں کشمیر کے نوجوانوں کی بہترین کار کردگی کیلئے ستائش ۔

*.... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا جموں کشمیر کو فلم سازی کا من پسند مقام بنانے کیلئے مقامی سطح پر ٹیلنٹ کو بڑھاوا دینے پر زور۔

*....... آج جوش و خروش کے ساتھ منایاجا رہاہے 78واں آرمی ڈے۔

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ بھارت نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ جمہوری ادارے اور جمہوری عمل ملک کی جمہوریت کو وسعت ، استحکام اور رفتار فراہم کرتے ہیں ۔ آج نئی دلی میں سمودھان سدن میں دولت مشترکہ ملکوں کے اسپیکروں اور پریذائڈنگ افسروں کی 28ویں کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے گونا گونیت کو اپنی جمہوریت کی طاقت میں بدل دیا ہے ۔

انہوں نے کہاکہ بھارت کیلئے جمہوریت کا مطلب قطار میں کھڑے آخری شخص تک سہولتوں کی فراہمی ہے اور حکومت بغیر کسی تفریق کے ہر فرد کی فلاح و بہود کے جذبے کے ساتھ کام کر رہی ہے ۔

برلا

اس موقعے پر اظہا رخیال کرتے ہوئے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہاکہ منصوعی ذہانت اور سوشل میڈیا نے جمہوری اداروں کی کاردگی اور صلاحیت میں بے پناہ اضافہ کیا ہے ، البتہ AI، کے غلط استعمال سے مختلف چلینج سامنے آتے ہیں-AI انہوننے کہاکہ سوشل میڈیا اور

ایل جی ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ، نئی دلی میں منعقدہ 29ویں نیشنل یوتھ فیسٹول وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ 2026میں شرکت سے لوٹے جموں کشمیر کے نوجوانوں کے ساتھجموں میں ملاقات کی ۔ انہوں نے قومی سطح پر بہترین کار کردگی کا مظاہرہ کرنے کیلئے جموں کشمیر کے دستے کو مبارکباد دی ۔

سنہاملاقات

ڈسڑکٹ گردوارہ پربندھک کمیٹی جموں کے ایک وفد نے اس کے صدر ایس رنجیت سنگھ ٹُہرا کی قیادت میں لوک بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

اس دوران انہوننے جموںو کشمیر میں سکھ طبقے کو بااختیار بنانے اور ان کی بہبودی کو یقینی بنانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کو فلم سازی کا ایک من پسند مقام بنانے کیلئے لازمی ہے کہ مقامی سطح پر پوسٹ پروڈکشن سہولیات کو بڑھاوا دیا جائے نیز مقامی ٹیلنٹ کی صلاحیت سازی میں اضافہ کیا جائے ۔ انہوں نے کہاکہ اس ضمن میں انڈین انسٹی چیوٹ آف کریٹیو ٹیکنالوجی ایک اہم رو ل ادا کر سکتا ہے۔

کا دورہ کرنے کے بعد وہاں اس ادارے IICT میںNDFC آج ممبئی کے نیشنل فلم ڈیولپمنٹ کار پوریشن کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہاکہ Deoskar کے چیف ایگزیکٹو آفیسر وشواس اور جموں کشمیر حکومت کے ما بین ادارہ جاتی اشتراک کو بڑھاوا دیا جانا چاہئے ۔ وزیر اعلیٰ IICT نے کیمپس کے مختلف شعبوں کا معائینہ کیا۔

جا وید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج نئی دلی میں زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان کے ساتھ ملاقات کی اور جموںو کشمیر میں زراعت، باغبانی اور دیہی ترقی کے شعبوں سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

انہوننے مرکزی وزیر سے اپیل کی کہ وہ جموںو کشمیر کے منفرد موسمی اور جغرافیائی حالات کے مد نظر یہاں کے دیہی بنیادی ڈھانچے اور زرعی شعبے کو تقویت بخشنے کےلئے خصوصی رقومات جاری کریں۔

فوجی ڈے

آج جے پور میں 78ویں آرمی ڈے کی مناسبت سے ایک شاندار پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ جگت پورہ کے محل روڈ پر واقع اس پریڈ میں بھارتی فوج کی بہادری ، نظم و ضبط اور جدید فوجی صلاحیتوں کا بھر پور مظاہرہ کیا گیا۔ پہلی مرتبہ فوج کے دن کی پریڈ براہ راست عوام کے سامنے فوجی چھاونی سے باہر منعقد کی گئی۔ فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیودی نے ملک کی خدمت کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپاہیوں کے اہل خانہ کو سینا میڈلس عطا کئے ۔

اس موقع پر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے فوج کے سربراہ نے کہا کہ بھارتی فوج موجودہ چلینجوں سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ مستقبل کی ضرورتوں کیلئے خود کو تیار کر رہی ہے۔

آرمی مبارکباد

آرمی ڈے کے موقع پر صدر جمہوریہ در و پدی مرمو ، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے فوجیوں ، سابق فوجیوں اور ان کے افراد خانہ کو مبارکباد پیش کی ہے ۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا کہ بھارتی فوج ، ملک کے اتحاد ، خود مختاری اور سالمیت کے تحفظ کی خاطر مسلسل خدمات انجام دے رہی ہے ۔

راجناتھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے فوج کے دن کے موقع پر بھارتی فوج کے بہادر اہلکاروں اور اُن کے اہل خانہ کو مبارکباد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہاکہ ملک بھارتی فوج کی غیر معمولی دلیری اور بہادری ، عظیم قربانی اور ملک کی سالمیت اور اقتدار اعلیٰ کی حفاظت کرنے کے غیر متزلزل عزم کو سلام پیش کرتا ہے۔

ایران ایڈوائزری

ایران کی خراب سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر بھارت نے اپنے شہریوں کوآئندہ اطلاع تک اسلامی جمہوریہ ایران کے سفر سے گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے ۔اس دوران تہران میں بھارتی سفارتخانے نے اپنی ایڈوائزری میںایران میں موجود بھارتی شہریوں کو کمر شل پروازوں یا ٹرانسپورٹ کے کسی بھی دستیاب ذرائع سے ایران سے چلے جانے کا مشورہ دیا ہے۔

عمر ایران

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایران میں ابھرتی ہوئی صورتحال کے بارے میں آج وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے ساتھ بات کی ۔ وزیر خارجہ نے انہیں زمینی صورتحال اور وزارت خارجہ کی طرف سے اس تعلق سے کئے جا رہے اقدامات کے بارے میں جانکاری دی ۔

وزیر اعلیٰ نے ایران میں موجود کشمیری طلباءاور جموں کشمیر کے دیگر شہریوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات سے متعلق وزیر خارجہ کی یقین دہانیوں کیلئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

محبوبہ ایران

صدر محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ ایران میں نا ساز گار حالات کے تناظر میں ملک بھر PDP بالخصوص کشمیر سے تعلق رکھنے والے کافی تعداد میں طلاب درماندہ ہو کر رہ گئے ہیں ۔

محبوبہ مفتی نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے اپیل کی ہے کہ وہ معاملے میں مداخلت کرکے طلباءکی سلامتی کے ساتھ واپسی کیلئے اقدامات کریں ۔

شاہین ایران

جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیرکے صدر جی ایم شاہین نے بھی مرکزی وزیر خارجہ سے اپیل کی ہے کہ وہ ایران کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر ایران میں زیر تعلیم کشمیری طلباءکی سلامتی اور انہیں وہاں سے باہر نکالنے کیلئے اقدامات کریں ۔

ایران افسر

دریں اثناءجمونو کشمیر حکومت نے ایران میں موجود ہ صورتحال کے چلتے ایڈیشنل ریذیڈنٹ کمشنر جمونو کشمیر گورنمنٹ نئی دلی انیل شرما کو ایران میں زیر تعلیم جمونو کشمیر کے طلباءکا متعلقہ ایجنسیوں کے ساتھ کارڈنیشن اور لیزان کےلئے نامزد افسر مقرر کیا ہے۔

مذکورہ افسر وزارت خارجہ اور متعلقہ ایمبیسی حکام کے ساتھ رابطے میں رہیں گے۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، شہر شہر منظر ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر اور نئی منزلیں ، کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong-----

وِکست بھارت

وکست بھارت2047 کے منصوبے کے تناظر میں ملک میں پائیدار سماجی و اقتصادی ترقی کو یقینی بنانے میں زراعت کا شعبہ ایک اہم رول ادا کر رہا ہے۔ جمونو کشمیر بھی اس سفر میں ایک مناسب رول ادا کر رہا ہے۔

فصل بیمہ یوجنا، سوئل ہیلتھ کارڈ سکیم، PMکسان،PMاس مقصد کےلئے جمونو کشمیر میں کرشی سینچائی یوجنا اور دیگر کئی زرعی سکیمیں عملائی جا رہی ہیں تاکہ کسانوں کی فلاح PM وبہبود کو یقینی بناکر وکست بھارت کے منصوبے کو کامیابی کے ساتھ ہمکنار کرایا جا سکے۔

نتائج

بارہویں جماعت کے سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان کل کیا گیا۔ ان نتائج میں طالبات نے بہترین کارکردگی مظاہرہ کیا ہے۔ سائنس مضمون میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی حفصہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

کامرس کے شعبے میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والی صالحہ نے اپنے تاثرات کا اظہار کر تے ہوئے کہا۔

ہوم سائنس کے شعبے میں ادیبہ یوسف نے پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

یہ ہیں آرٹس مضمون میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے تابِن ریاض کے تاثرات.

جی رام جی

خبر جی رام جی سکیم سے متعلق

حال ہی میں متعارف کئے گئے قانون " وکست بھارت ۔ روزگار گارنٹی اور آجیوکا مشن گرامین" کا عوامی سطح پر وسیع خیر مقدم کیا جا رہا ہے ۔

سانبہ کے ڈی ڈی سی ممبر رومیش چندر نے اس ضمن میں اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا.

یہ ہینسانبہ ضلعے سے تعلق رکھنے والے امر سنگھ کے تاثرات.

دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست بھارت جی رام جی ایکٹ کو وزیر اعظم کی گتی شکتی پہل سے جوڑا گیا ہے، تاکہ اسے مزید موثر بنایا جا سکے۔

ہماری ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں حیدر آباد سے تعلق رکھنے والی ایک صحافی ثناءنغمہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

زبیر سلیم

عمر ڈھلنے کے ساتھ ساتھ بزرگوں کو جسمانی کمزریونکا سامنا کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے ان کی بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔Fatty Liver کا معیار زندگی بھی متاثرہو جاتا ہے ۔ بزرگوں میں عموماً

اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

DIG

پولیس جا وید اقبال متو نے آج کولگام ضلعے میں واقع سیاحتی مقام اہر DIG جنوبی کشمیر رینج کے بل میں پولیس اور سکیورٹی ایجنسیوں کے افسران کی ایک میٹنگ میں ضلعے میں واقع سیاحتی مقامات کی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا۔

موصوف نے سیاحوں کے اعتماد کو بڑھانے کےلئے مناسب اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور DIG دیا ۔ میٹنگ کے دوران یوم جمہوریہ کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

سائبر کرائم

سائبر کرائم انوسٹگیشن سینٹر فار ایکسلنس کشمیر نے آج میڈیا برادری کے تعاون سے سائبر جرائم رمنیش گپتا نے ذرائع CICEسے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔ اس دوران ایس ایس پی ، ابلاغ کے نمائندوں کو سائبر جرائم سے بچنے اور اس کے مختلف طور طریقوں سے روشنا کرایا ۔ عاشق حسین ملک اور کئی افسران بھی موجود تھے۔ DSP,CICEاس موقعے پر

کے مختلف مدعو کے تحت آج ایک گاڑی کو اٹیچ کر دیا۔UAPAپولیس نے اننت ناگ میں

جموں پولیس

جموں پولیس نے ریلوے پُلی نروال سے بَسر کنڈ کشتواڑ سے تعلق رکھنے والے یاسر شیخ نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے کچھ نقدی اور نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔پولیس نے لمبیری راجوری میں بہروٹی تھانہ منڈی کے شیراز احمد نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔

کشمیر پولیس

پولیس نے ٹھاب چوک پلوامہ میں چھتہ پورہ کے بلال احمد گنائی نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے کافی مقدار میں نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔ پولیس نے پلوامہ میں غیر قانونی طور سے مٹی نکالنے کی پاداش میں ایک ڈمپر کو ضبط کیا ہے ۔

پولیس نے کھریو علاقے میں لوگوں کوسائبر جرائم کے خطرات سے متعلق آگاہ کرنے کیلئے ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، ناکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

BJP

کے سابق جنرل سیکریٹری کلونت سنگھ نے اپنے2سو حمایتوں سمیت آج جموں میں بی جے DPAP پی میں شمولیت اختیار کی۔ اس موقعے پر بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما ، پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

دریں اثناءست شرما نے ایم ایل اے جموں نار تھ شام لعل شرما کے ہمراہ پلورہ جموں میں کئی ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔

VB-G بی جے پی جموںو کشمیر کے سٹیٹ سیکریٹری پون شرما نے کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ ایکٹ2025کے بارے میں عوام میں غلط جانکاری پھیلا رہی ہے-RAM G

بی جے پی ترجمان ایڈوکیٹ پورنیما شرما نے وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ میں شرکت کر نے کےلئے جموںو کشمیر اور لداخ سے ایک بڑا دستہ بھیجنے کےلئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی تعریف کی۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے آج اپنے حلقے کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے وہاں لوگوں کے مسائل اور ترقیاتی ضروریات کے بار ے میں جانکاری حاصل کی ہے۔

انہوننے نوہٹہ میں 5کروڑ 24لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہو رہے کیمونٹی ہال اور علاقے میں جاری دیگر ترقیاتی کاموں کا بھی جائزہ لیا۔

انہوں نے کہاکہ موجودہ حکومت لوگوں کوہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب کرانے کی وعدہ بند ہے۔

PDP

سینئر پی ڈی پی لیڈر ظہور احمد میر نے مرکزی سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ پانپور کےلئے الگ سے ضلع ہیڈ کواٹر قائم کیا جائے ۔ ایک بیان میں انہوننے کہا کہ موجودہ انتظامی فریم ورک لوگوں کی ترقیاتی ضروریات کو پورا کرنے میں ناکام ہوئی ہے۔

Winter

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت13اعشاریہ4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی3اعشاریہ9 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموںمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت12اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت4اعشاریہ4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر36منٹ اور
غروب آفتاب شام5 بجکر45منٹ پر ہو گا۔
اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر
کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ

.................................